قبولیت عطا فرمائے آمین۔ اس کتاب کا ہر گھر اور ہر لائبریری میں ہونا ضروری ہے۔ خود پڑھیئے احباب کو تحفہ میں پیش کیجیے اللہ اپنا فضل فرمائے گا ان شاءاللہ

اخلاق رسول ﷺ

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: 134 مجلد

قیمت: 60 روپے

ناشر: رحمانیہ دارالکتب، زیریں جامع مسجد اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد فون: 041-649916

مولانا عبدالرحمٰن عاجز مرحوم معروف مصنف اور مغزگو شاعر تھے انہوں نے فکر آخرت کے علاوہ نظم و نثر میں کئی کتابیں لکھیں اور اہل علم سے داد و تحسین وصول کی۔ پیش نگاہ کتاب ''اخلاق رسول ﷺ'' ان کی بہت ہی پیاری کاوش ہے۔ اس میں انہوں نے نبی علیہ السلام کے اخلاق کریمہ کی دلکش جھلک قارئین کو دکھا کر سیرت نبوی کا خوبصورت پہلو اجاگر کیا ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک جامع کتاب ہے اس مادہ پرستی کے دور میں جب کہ اخلاقی قدریں تباہ و برباد ہو چکی ہیں ایسی کتب کا مطالعہ صحیح راہ دکھاتا ہے اور اخلاق کی درستی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ میں قارئین کرام کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ وہ ان کتب کا مطالعہ ضرور کریں، جن میں اصلاح معاشرہ اور فرد کی اصلاح کا پہلو پایا جاتا ہو۔ بہر حال اخلاق رسول سیرت کے موضوع پر بڑی عمدہ کتاب ہے اس کی طباعت اور کاغذ، جلد بندی وغیرہ سب معیاری ہے۔ اور قیمت بڑی مناسب ہے آج ہی خرید کر پڑھیئے۔

انسان نشان رحمان

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن عاجزؒ مالیرکوٹلوی

صفحات: 584، قیمت: 150 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: رحمانیہ دارالکتب زیریں جامع مسجد اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد

مولانا عبدالرحمٰن عاجز رحمۃ اللہ علیہ معروف مصنف اور مغزگو شاعر تھے۔ انہوں نے نظم اور نثر میں کئی کتابیں تصنیف کیں۔ پیش نگاہ کتاب ان کی قابل قدر کاوش ہے اس میں عاجز مرحوم نے انسان کو رحمان کا عظیم شاہکار ثابت کیا ہے اور اس ضمن میں انہوں نے ''خلق انسانی'' کے رموز عیاں کرنے میں دو صد قرآنی آیات اور بہت سی احادیث کو بطور حوالہ پیش کیا ہے۔ کتاب کا آغاز تخلیق آدم سے کیا گیا ہے اور اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واقعہ کو لایا گیا ہے۔ اس واقعہ سے متعلقہ قرآنی آیات کو پیش کر کے عیسائیوں کے عقیدہ تثلیث کی کھلے بندوں نکیر کی گئی ہے۔ کتاب اپنے موضوع پر بڑی مفصل ہے۔ اس میں جہاں انسانی اعضاء کے فوائد و مفاسد پر گفتگو کی گئی ہے وہاں قاری کے سامنے جزا اور سزا کا نقشہ بھی موقع کی مناسبت سے دکھایا گیا ہے۔ محاسبہ اعمال کے کئی واقعات کو قرآن سے پیش کر کے آخرت کی فکر دلائی گئی ہے۔ کتاب اپنے موضوع پر بڑی عمدہ ہے۔ اس کا مطالعہ ضرور کیجئے گا، یہ کتاب اور مولانا عاجز مرحوم کی دوسری کتب نہایت کم قیمت پر رحمانیہ دارالکتب امین پور بازار سے خریدی جا سکتی ہیں۔

معیار صداقت

مصنف: مولانا عبدالقادر عارف حصاری

تخریج و تعلیق: مولانا محمد شریف حصاری

ناشر: مکتبہ اسلامیہ کوتوالی روڈ، بیرون امین پور بازار فیصل آباد

مولانا عبدالقادر عارف حصاری رحمۃ اللہ علیہ جماعت اہلحدیث کے بہت بڑے محقق، مصنف، مفتی اور نقاد تھے۔ انہوں نے مختلف مسائل پر اپنے تحقیقی ذوق سے کئی کتب حوالہ قرطاس کیں، زیر تبصرہ کتاب ان کی قابل قدر تصانیف سے ہے۔ اس میں انہوں نے مسلک اہلحدیث کے مقابل دیگر فقہی مسالک کا تقابلی جائزہ پیش کر کے اس حقیقت کو طشت از بام کیا ہے کہ قرآن و حدیث ہی اصل دین ہے اس ضمن میں انہوں نے اپنے موقف کی تائید میں فقہ حنفی سے چند ایسے مسائل کو نمونے کے طور پر پیش کر کے بتایا ہے کہ قرآن و سنت اور فقہ حنفی میں کسی قدر تعارض ہے۔ بلاشبہ یہ ایک فکر انگیز رسالہ ہے اس کے مطالعہ سے فقہ اور تقلید کے بندھنوں سے آزاد ہو کر ایک سیدھا سادہ مسلمان دین کا صحیح راستہ اختیار کر لیتا ہے۔ کتاب میں درج قرآنی آیات پر نمبر لگا دیئے گئے ہیں اور احادیث کی تخریج کر کے مکمل حوالہ دے دیا گیا ہے۔ یہ کام مولانا مرحوم کے بھتیجے مولانا محمد شریف حصاری آف کراچی نے انجام دیا ہے۔ کتاب کی طباعت معیاری اور ٹائٹل خوبصورت ہے اور قیمت مناسب۔